© rasailojaraid.com



# طالب علم کی شان

خوش نصیب علم کو چاہنے والے ہیں　اللہ سے خوش خبریاں پانے والے ہیں
رب کے دین کی خاطر گھر سے نکلے ہیں　بے دھڑک جنت میں جانے والے ہیں
ساری دنیا سے یہ بہتر افضل ہیں　جو قرآن کو پڑھنے پڑھانے والے ہیں
تاج جو دین نبی ﷺ کو سیکھنے آتے ہیں　فرشتے پاؤں تلے پر بچھانے والے ہیں
زبانوں پر ان کے قال اللہ قال رسول ﷺ　شریعت کا یہ ڈنکا بجانے والے ہیں
دنیا میں وہ کبھی نہ غمزدہ ہو نگے　جو حدیث نبی ﷺ سکھلانے والے ہیں
تاج ان کا سونا بھی تو عبادت ہے　کیونکہ یہ مسند علم سجانے والے ہیں
خلق خدا سب ان کے حق میں دعا گو ہے　رب سے یہ خوش خبریاں پانے والے ہیں
شمع احساس وفا ہے روشن سینوں میں　پیغام نبی ﷺ گھر گھر پہنچانے والے ہیں
فروزاں محبت اسلام ہے ان میں　جہاں کو نغمہ توحید سنانے والے ہیں
انہی کے دم سے اتحاد و اتفاق ہو گا　بچھڑے ہوؤں کو یہ ملانے والے ہیں
جذبہ ایثار سے نکلے ہیں گھر سے　اساس ملت کو یہ بچانے والے ہیں
قوت اعداء کو پریشاں کر دیں گے　قلب غیرت زدہ ہلانے والے ہیں
حیات جاوداں رب ان کو دے دی ہے　جو قرآن و حدیث پڑھانے والے ہیں
خوش قسمت ان پر جو خرچہ کرتے ہیں　وہ بھی تو علماء کہلانے والے ہیں

**قاری تاج محمد شاکر (پتوکی)**

نظم



© rasailojaraid.com